M.Ed./E.T./2022

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

Booklet Serial No.

## ماسٹر آف ایجوکیشن (ایم۔ایڈ) انٹرنس ٹسٹ 2022

## Master of Education (M.Ed.) Entrance Test - 2022

## Question Paper Booklet کتابچہ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

نوٹ: یہ کتابچہ دو حصوں پر مبنی ہے۔ حصہ 'الف) میں (i) علم تدریس (Pedagogy)‘ (ii) عام انگریزی (General English)‘ (iii) عصری تعلیمی مسائل (Contemporary Educational Problems)‘ (iv) تفہیمی صلاحیت (Comprehension) (v) اردو تحریری صلاحیت (Urdu Writing Ability)‘ جب کہ حصہ 'ب' میں (vi) تعلیم کی فلسفیانہ اور سماجی بنیادیں‘ (vii) تعلیم کی نفسیاتی بنیادیں‘ (viii) اطلاعاتی اور ترسیلی ٹکنالوجی‘ (ix) مدرسہ کا انتظام اور (x) ماحولیاتی تعلیم پر مشتمل ہے۔

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 20 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کے 3 صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

M.Ed./E.T./2022

## (Part A) حصہ الف

## (i) علم تدریس (Pedagogy)

1- مطالعہ کے وقت کتاب کو کتنے سنٹی میٹر کے فاصلے پر رکھنا چاہیے؟

(A) 10 سنٹی میٹر　(B) 25 سنٹی میٹر

(C) 40 سنٹی میٹر　(D) 55 سنٹی میٹر

2- تدریس کے کس طریقہ کو سقراط کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے؟

(A) لکچر کا طریقہ　(B) مظاہراتی طریقہ

(C) سوال وجواب کا طریقہ　(D) کہانی کا طریقہ

3- درج ذیل میں کون سا طریقہ ابتدائی جماعت کے طلبہ کے لیے سب سے زیادہ موزوں ہے؟

(A) سوال وجواب کا طریقہ　(B) استقرائی طریقہ

(C) استخراجی طریقہ　(D) بیانیہ طریقہ

4- کس ماہر تعلیم نے طلبا کو لکھنا سکھانے سے قبل مختلف قسم کے خطوط اور لکیروں کی مشق پر زور دیا ہے؟

(A) پستالوجی　(B) ہربرٹ

(C) جان ڈیوی　(D) ارسطو

5- درج ذیل میں ODD کی نشاندہی کیجیے۔

(A) Validity　(B) Reliability

(C) Fluency　(D) Relevancy

6- کس Scale کی مدد سے Absolute Zero Point معلوم کیا جاسکتا ہے؟

(A) Ordinal　(B) Interval

(C) Ratio　(D) Nominal

7- کس Test کے ذریعہ طلبا کی کارکردگی کو دوسرے طلبہ کی کارکردگی سے موازنہ کیا جاتا ہے؟

(A) Standardized Test　(B) Norm Reference Test

(C) Essay Type Test　(D) Objective Test

-8 Reliability کا Value نہیں ہوسکتا۔

(A) 0 (B) 0.5

(C) 1 (D) -1

-9 درج ذیل میں کون Projected Teaching Aid ہے؟

(A) Periscope (B) Blackboard

(C) Clipboard (D) Epidiascope

-10 Validity کتنے قسم کی ہوتی ہے؟

(A) دوقسم کی (B) تین قسم کی

(C) چارقسم کی (D) پانچ قسم کی

## (ii)عام انگریزی
## (General English)

11. Adil was writing a letter (Change the voice into passive)

(A) A letter was written by Adil (B) A letter had been written by Adil

(C) A letter was being written by Adil (D) A letter is written by Adil

12. Select the correctly spelt word.

(A) Seperate (B) Separate

(C) Saperate (D) Saparete

13. Antonym of the word "contrary" is:

(A) Forsake (B) Solicitude

(C) Modesty (D) Similar

14. Rani has a good sense of humour (Add a question tag).

(A) does she? (B) has she?

(C) hasn't she? (D) doesn't she?

15. One of my .................. is flying to United Kingdom.

(A) friends (B) friend

(C) friend's (D) friends'

16. Fill in the blanks with the correct preposition.

She has been living here ........................ a month.

(A) since (B) from

(C) for (D) in

17. Raja said, it may rain. (Change the sentence into Indirect Speech)

(A) Raja said that it may rain (B) Raja said that it would rain

(C) Raja said that it might be raining (D) Raja said that it might rain.

18. ............ cow is ........................ useful animal. (fill in the blank with correct articles)

(A) A, an (B) The, an

(C) A, a (D) The, a

19. We are working in the factory since 2018. (Correct the sentence)

(A) We have been working in the factory since 2018.

(B) We had been working in the factory since 2018.

(C) We have worked in the factory since 2018.

(D) We have been worked in the factory since 2018.

20. Soni .................. me a girl I used to see in my village

(A) recollects (B) reminds

(C) remembers (D) recalls

## (iii) عصری تعلیمی مسائل (Contemporary Educational Problems)

21- درج ذیل میں کس کو ہندوستانی تعلیم کا "Magna Carta" کہا جاتا ہے؟

(A) ہنٹر کمیشن (B) سارجنٹ کمیشن

(C) میکالے منٹس (D) ووڈ ڈسپیچ

22- NEP-2020 کے مطابق اسکولی تعلیم کی ساخت ہے۔

(A) 5+3+3+4 (B) 5+3+4+3

(C) 2+3+5+4 (D) 3+5+3+4

23- Dhebar Commission (1960-61) کا تعلق کس پسماندہ طبقے سے ہے؟

(A) درج فہرست ذات (B) درج فہرست قبائل

(C) اقلیت (D) معذور

24- درج ذیل میں ODD کی نشاندہی کیجیے۔

(A) ILO (B) CRY

(C) UNO (D) UNESCO

25- Statutory Body کے طور پر NCTE کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 21 مئی 1993 (B) 17 اگست 1995

(C) 20 مئی 1997 (D) 15 اگست 1990

26- درج ذیل میں سے RSA کس کا مخفف ہے؟

(A) Rashtriya Shiksha Aayog (B) Rashtriya Swayam Aayog

(C) Rashtriya Samagra Abhiyan (D) Rashtriya Shiksha Abhiyan

27- Samagra Shiksha Scheme کو کب تک کے لیے توسیع دیا گیا ہے؟

(A) 2025-26 تک (B) 2024-25 تک

(C) 2026-27 تک (D) 2030 تک

-28 Silent Meditation کو اخلاقی تعلیم کے طور پر.......................نے سفارش کی۔

(A) ہنٹر کمیشن (B) مدلیار کمیشن

(C) کوٹھاری کمیشن (D) رادھا کرشنن کمیشن

-29 NEP-2020 کے مطابق ہندوستان کی کن کن زبانوں کے فروغ کے لیے ادارے قائم کیے جائیں گے؟

(A) پالی، فارسی اور پراکرت (B) پالی، ہندی اور فارسی

(C) پالی، دراویڈین اور فارسی (D) عربی، ڈراویڈین اور فارسی

-30 National Knowledge Commission کا قیام عمل میں آیا۔

(A) 1995 (B) 2001

(C) 2005 (D) 2010

## (iv) تفہیمی صلاحیت (Comprehension)

فلسفہ مسلسل غور وفکر کا نام ہے اور شوقِ تفکر جب انسان کی علمی تشنگی میں اضافہ کرتا ہے تو وہ فرد فلسفی کہلاتا ہے۔ دانائی جس کو حکمت کہا گیا ہے اس کی علمی، فکری ونظری قدر ومنزلت کا اندازہ لگانا کوئی مشکل کام نہیں لیکن دانائی تک رسائی اگر چہ کوئی آسان کام نہیں مگر ناممکن فعل بھی نہیں ہے۔ یہ بھی ایک توجہ طلب مسئلہ ہے کہ صرف انسان ہی کیوں دانائی کا اہل ہے؟ دراصل انسان اشرف قرار پایا کہ اسے عقل وشعور کی نعمتِ عظمٰی سے سرفراز کیا گیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ آخر دانائی کیا ہے؟ ماہرین کے مطابق دانائی دانشورانہ اور منطقیانہ کاوش اور جانچ کا نام ہے۔ یہاں تفہیم نیز تشریحات کے اطلاق وعمل کے دائرے میں زندگی کے بنیادی اور آفاقی مسائل لائے جاتے ہیں۔ یہ عمل عقل وشعور کی مسلسل مگر صبر آزما کاوشوں سے تعلق رکھتا ہے۔ جذبۂ تلاش وجستجو اور ذوق وشوق کی والہانہ تڑپ ہی دراصل دانائی سے محبت کا نام ہے۔

فلسفۂ تعلیم نہ صرف شخصیت سازی کا متقاضی فریضہ انجام دیتا ہے بلکہ معاشرہ خوش گوار انسانی اور اخلاقی بنیادوں پر تعمیر ہوتا ہے۔ دوسروں کے لیے ہمدردی، محبت، مروت، مودّت جیسے پاکیزہ جذبات فرد اور معاشرے کی مثالی پہچان بن جاتی ہے۔ اس طرح ہر انسان کا دعویٰ تب تک جھوٹا قرار پاتا ہے کہ وہ خدا سے محبت کرتا ہے جب تک کہ وہ اس کے بندوں سے محبت نہ کرے۔ فلسفہ اور تعلیم دراصل فلسفہ حیات کے تناظر میں ایک دانشورانہ مہم کا نام ہے۔ اس لیے کہ تفکر، تدّبر اور تعقل کے طفیل ایک انسان صاحبِ بصیرت اور نقد ونظر کی بیش قیمت ہنروں سے سرفراز ہوجاتا ہے۔ ایسے افراد پر قائم سماج زندگی کے امکانات اور ممکنات کے حامل بن جاتے ہیں۔ تلاش وجستجو کے نت نئے روشن پہلوان پر عیاں ہوجاتے ہیں اور زندگی تغیر وتبدل سے ہم آہنگ ہوجاتی ہے۔ اصحابِ بصیرت جو صاحبان دانا کہلاتے ہیں جدّت وتخلیقیت کی روشنی میں زندگی کے باریک اور پُر پیچ مسائل کی عقدہ کشائی سے ہم کنار ہوجاتے ہیں۔ اس طرح خدا جو خود احسن الخالقین ہے کہ تقرب کے حصول میں انسان بجا طور پر کامیاب ہوجاتا ہے۔ ایسا فرد پھر جمالیاتی شعور سے متصف ہوکر سماج میں بلا امتیاز ہر دوسرے فرد کے لیے نہایت ہی شفیق اور مہربان بن جاتا ہے۔ اس مثالی اور مطلوب ماحول کا استاد اور معلم وہی مثالی کردار ادا کرتا ہے جو اس کی اصل تعریف قرار پائی ہے۔ اس کی

آزادانہ، ناقدانہ اور بصیرت افروز تعلیم وتربیت، تشنگانِ علم کو معروضیت کے سانچے میں ڈال دیتے ہیں۔ظاہر ہے وہ روشنی وگرمی کا پیکر بن کر ابھر کر سامنے آجاتا ہے۔

اس تفکرِ حیات کے باوصف دور جدید کے انسان کا عقلی نو آبادیت کے دائرے میں آجانا ایک بڑا المیہ اور سانحہ ہے۔ یہاں جہان نو کی تعمیر ایک ناممکن سی بات بن جاتی ہے اور فرد و معاشرہ ظاہری طور پر سنگ وخشت کے سراب میں الجھ کر رہ جاتے ہیں۔ یہ یقین ہونا چاہیے کہ جہانِ نو کی تدوین وتعمیر کی راہیں ہمیشہ کے لیے مسدود نہیں ہوسکتی ہیں۔اگر افراد اور اقوام ازسرِ نو فلسفہ حیات کے تین نمایاں عوامل انسان، خدا اور کائنات کے درمیان باہمی تعلق وارتباط پیش نظر رکھیں گے تو ممکن ہے کہ وہ زمانے کی اجتماعی صورت حال پر ایک عقابی نگاہ رکھنے کے یقیناً اہل ہوجائیں گے۔

محولہ بالا تناظر میں یہ بات عیاں ہوجاتی ہے کہ خدا، انسان اور کائنات کے باہمی تعلق سے جو قدر مشترک ابھر کر سامنے آجاتی ہے کہ تینوں ہر لحاظ اور ہر پل، حرکت وحرارت، تحرک وتخلیقیت نیز تغیر وتبدل کے مسلسل افعالی عمل میں مصروف ہیں۔یہی زندگی کی اصل حقیقت ہے۔ برعکس سکون اور عدم حرکت والی زندگی افراد اور اقوام کو تنزل، مسکنت، استحصال، غلامی اور اخلاقیات کے زوال سے دوچار کردیتی ہے۔

31- دانائی کو کس حوالے سے حکمت سے موسوم کیا گیا ہے

(A) تواترِ فکر
(B) قاعدہ وقانون کی جانکاری
(C) انسان سے محبت
(D) تقرب سماج

32- انسان اشرف قرار پایا ہے اس لیے کہ:

(A) خلائی سفر کا مسافر ہے
(B) نقد ونظر کی صلاحیت رکھتا ہے
(C) ٹکنالوجی میں انقلاب لایا
(D) تعمیر زندگی کا داعی ہے

33- منطقیانہ جانچ سے مراد ہے۔

(A) قابلیت کی جانچ
(B) ذکر وفکر کرنا
(C) کسی چیز کا انکشاف کرنا
(D) فکر وشعور کی آگہی

34- صاحبِ بصیرت کا مفہوم ہے۔

(A) علم وعرفان سے آگاہی
(B) جدید علوم سے واقفیت
(C) قدیم وجدید علوم کی تفریق
(D) معرکہ روح وبدن کا مخالف

35- نقد ونظر کیا ہے؟

(A) خامیوں کو اجاگر کرنا
(B) دانشورانہ کسوٹی
(C) نصیحت کرنا
(D) لازماً مخالفت کرنا

36- احسن الخالقین کا مطلب ہے۔

(A) خدا کا جمال (B) بہترین شئے کو پیدا کرنے والا

(C) جمالیاتی شے (D) ان میں سے کوئی نہیں

37- جمالیاتی شعور کا تعلق کس قدرِ زندگی سے ہے؟

(A) ظاہری خوبصورتی کی پسندیدگی (B) اچھائی کی خواہش

(C) احسان ماننا (D) روحانی فرحت

38- تلاش و جستجو کے نئے روشن پہلو عیاں ہونے سے زندگی تغیر و تبدل سے.................۔

(A) ناآشنا ہوجاتی ہے (B) ہم آہنگ ہوجاتی ہے

(C) مستثنیٰ ہوجاتی ہے (D) ان میں سے کوئی نہیں

39- کیا سکون اور حرکت سے ماورا زندگی فطرت کے عین مطابق ہے؟

(A) یقیناً (B) ہرگز نہیں

(C) ضروری طور پر (D) بالکل درست

40- معروضیت کا تعلق..............................ہے۔

(A) کہانی سنانے سے (B) فرد کی انفرادیت پر

(C) بیانیہ انداز سے (D) حقیقت شناسی سے

## (v) اردو تحریری صلاحیت

## (Urdu Writing Ability)

41- وہ حروف جو دو یا دو سے زیادہ لفظوں اور جملوں کو ملانے کا کام کریں، انہیں کہتے ہیں۔

(A) حروفِ ربط (B) حروفِ فجائیہ

(C) حروفِ عطف (D) حروفِ تخصیص

42- درج ذیل میں کون سا لفظ غیر مترادف ہے؟

(A) عرش (B) زمین

(C) فلک (D) آسمان

43- دیے گئے جملے میں صفت نسبتی کو پہچانیے۔ ''مرزا غالب دہلوی کا شمار اردو کے منفرد نثر نگاروں میں ہوتا ہے'' ۔

(A) مرزا غالب (B) دہلوی

(C) شمار (D) منفرد نثر نگار

44- درج ذیل میں کون سا محاورہ صحیح نہیں ہے؟

(A) اپنا راگ الاپنا (B) آنکھیں دکھانا

(C) خون کالا ہونا (D) باغ باغ ہونا

45- ''آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا'' کیا ہے؟

(A) محاورہ (B) ضرب المثل

(C) روزمرہ (D) فعل متعدی

46- مشغلہ کی جمع ہے۔

(A) شغل (B) مشاغل

(C) مشغول (D) مشغولیت

47- گاڑی بان ، باغ بان اور دربان میں مستعمل لفظ ''بان'' کیا ہے؟

(A) لاحقہ (B) سابقہ

(C) مرکب (D) غیر مرکب

48- اردو زبان کی اساس کس بولی پر قائم ہے؟

(A) عربی (B) فارسی

(C) ہندوستانی (D) کھڑی بولی

49- ثمر کا معنی ہے۔

(A) درخت (B) پھول

(C) پھل (D) برگ

50- مولانا ابوالکلام آزاد کا نام ہے۔

(A) غلام محی الدین احمد (B) محی الدین حسن

(C) حسن محی الدین (D) احمد محی الدین

## حصہ ب (Part-B)
## (vi) تعلیم کی فلسفیانہ اور سماجی بنیادیں

-51 قول "I think therefore I am" کس فلسفی کا ہے؟

(A) Socrates (B) Aristotle

(C) Plato (D) Descartes

-52 Synthetic Philosophy کو کس فلسفی نے پیش کیا؟

(A) Locke (B) Bacon

(C) Comte (D) Spencer

-53 درج ذیل میں سے کون سا فلسفہ ''انفرادی موضوعیت'' پر زور دیتا ہے؟

(A) Existentialism (B) Pragmatism

(C) Realism (D) Naturalism

-54 نیچے دیے گئے نظریات (Theories) میں سے کون سا نظریہ Plato نے پیش کیا ہے؟

(A) Ellegory of Cave (B) Positivism

(C) Energism (D) Moral Pluralism

-55 فلسفہ کے کس مکتبِ فکر میں تجرباتی اعداد وشمار کی توثیق کو عام طور سے ذریعہ علم قبول کیا جاتا ہے؟

(A) Naturalism (B) Pragmatism

(C) Realism (D) Existentialism

-56 تعلیمی سماجیات کا باوا آدم تسلیم کیا جاتا ہے۔

(A) Auguste Comte (B) Émile Durkheim

(C) Carl Marx (D) George Payne

-57 جب اقلیتی افراد ' اکثریتی افراد کے تہذیب وتمدن کو زور زبردستی سے اپناتے ہیں تو اس عمل کو کہا جاتا ہے۔

(A) Enculturation (B) Sanskritization

(C) Acculturation (D) Adoptation

58- ہندوستان آئین کے کس دفعہ میں چھوت چھات کو ختم کرنے کی بات کہی گئی ہے؟

(A) 17 (B) 25

(C) 29 (D) 46

59- ایک گاؤں میں مزدوری کرنے والا شخص اگر کسی بڑے شہر میں مزدوری کرنے لگے تو ہم اسے کس قسم کی Social Mobility کہیں گے؟

(A) Upward Mobility (B) Downward Mobility

(C) Horizontal Mobility (D) Vertical Mobility

60- کتاب "Moral Principles in Education" کے مصنف کا نام ہے۔

(A) Plato (B) John Dewey

(C) Socrates (D) Immanuel Kant

## (vii) تعلیم کی نفسیاتی بنیادیں

61- پیاجے کے پیش کردہ ٹھوس تجربات کے دور میں بچوں کی عمر ہوتی ہے۔

(A) 12-7 سال (B) 5-2 سال

(C) 17-12 سال (D) 7-5 سال

62- اکتساب کی منتقلی کے کس نظریہ کو "Pattern of Experience" کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔

(A) Identical Element کا نظریہ (B) Transposition کا نظریہ

(C) Generalisation کا نظریہ (D) Mental Discipline کا نظریہ

63- Defence Mechanism کا وہ طریقہ جس کے ذریعہ طلبا امتحان میں فیل ہونے کی ذمہ داری اساتذہ پر ڈالتے ہیں؟

(A) Aggression (B) Identification

(C) Projection (D) Sublimation

64- بقول فرائیڈ Electra Complex عمر کے کس مرحلے میں پروان چڑھتا ہے؟

(A) Latency (B) Anal

(C) Genital (D) Phallic

65- شخصیت کو "Polar Tendency" سے موسوم کرنے والے ماہر نفسیات کا نام ہے۔
(A) یونگ (B) کیٹل
(C) اریکسن (D) البورٹ

66- Cattel نے ذہانت کا کون سا نظریہ پیش کیا؟
(A) Hierarchial نظریہ (B) Crystallized نظریہ
(C) Oligarchic نظریہ (D) Group Factor نظریہ

67- Eros جبلتّ کا تعلق ہے۔
(A) صنف سے (B) خودآگہی سے
(C) زندگی سے (D) موت سے

68- "Vicarious Reinforcement" کا تعلق کس اکتسابی نظریہ سے ہے؟
(A) عاملی مشروطیت (B) کلاسیکی مشروطیت
(C) بصیرتی اکتساب (D) سماجی اکتساب

69- انسان کے احساسات وجذبات کو جانچنے کا سب سے موثر طریقہ ہوتا ہے۔
(A) انٹرویو (B) سوالنامہ
(C) Thametic Apperception Test (TAT) (D) Socio-metric طریقہ

70- زبان کے فروغ میں سب سے زیادہ معاونت کرنے والا اکتسابی نظریہ ہے۔
(A) سعی وخطا کا نظریہ (B) مشروطیت کا نظریہ
(C) بصیرتی اکتساب کا نظریہ (D) سماجی اکتساب کا نظریہ

## (viii) اطلاعاتی اور ترسیلی ٹیکنالوجی

71- ٹکنالوجی پر مبنی اکتساب کا صحیح ترتیب (Sequence) ہے۔
(A) ایم لرننگ، یولرننگ ، ای لرننگ (B) ای لرننگ، ایم لرننگ، یولرننگ
(C) ٹی لرننگ، ای لرننگ، ایم لرننگ (D) یولرننگ، ایم لرننگ، ای لرننگ

-72 درج ذیل میں کون سا میسج شیئرنگ پلیٹ فارم ہے؟

(A) Twitter (B) Tumbir

(C) Yandex (D) Pinterest

-73 WiMAX کس کا مخفف ہے؟

(A) Wireless Internet Maximum Communication

(B) Worldwide Internet Standard for Microwave Access

(C) Worldwide Information Maximum Communication

(D) Worldwide Interoperability for Microwave Access

-74 درج ذیل میں سے کون Micro Blogging Site نہیں ہے؟

(A) Yandex (B) Twitter

(C) Tumbir (D) Pinterest

-75 سب سے پہلے کن دو اداروں نے "Cloud Computing" کا استعمال کیا؟

(A) Microsoft اور Facebook (B) IBM اور Microsoft

(C) Amazon اور Google (D) IBM اور Google

-76 جوڑی (Match) بنائیے۔

| Column A | Column B |
|---|---|
| P - 2 BITS | 1- dword |
| Q - 4 BITS | 2 - qword |
| R - 16 BITS | 3 - crumb |
| S - 32 BITS | 4 - nibble |

(A) P-1, Q-2, R-3, S-4 (B) P-2, Q-1, R-4, S-3

(C) P-3, Q-4, R-1, S-2 (D) P-4, Q-3, R-2, S-1

77- درج ذیل میں سے کون "Audio File" کی توسیع ہے؟

(A) .wav (B) .avi

(C) .mov (D) .rtf

78- SWAYAM Prabha سے متعلق کون سا Statement صحیح ہے؟

P: SP میں 34 DTH Channel ہوتے ہیں۔

Q: SP ٹیلی کاسٹ کرنے کے لیے GSAT-14 سٹیلائٹ کی مدد لیتا ہے۔

(A) P صحیح اور Q غلط ہے (B) P غلط اور Q صحیح ہے

(C) P اور Q دونوں صحیح ہیں (D) P اور Q دونوں غلط ہیں

79- مندرجہ ذیل میں کس کا استعمال Synchronous تدریسی۔درسی ماحول میں کیا جاتا ہے؟

(A) Google (B) Zoom

(C) Blog (D) Vlog

80- درج ذیل میں سے کون ہندوستانی MOOCs پروگرام ہے؟

(A) COURSERA (B) UDACITY

(C) INVERCITY (D) NPTEL

## (ix) مدرسہ کا انتظام

81- ''انتظام یہ جاننے کا فن ہے کہ کیا کرنا ہے اور پھر یہ دیکھنا ہے کہ وہ بہترین وممکنہ طریقے سے ہو جائے'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) ہنری فیول (B) جانسن اینڈ جانسن

(C) لوتھر گولک (D) ایف ڈبلیو ٹیلر

82- ادارہ جاتی منصوبہ بندی (Institutional Planning) تعلیم کے وسیع منصوبے بندی کی......................کی منصوبہ بندی ہے۔

(A) نچلی سطح (B) وسطی سطح

(C) اعلیٰ سطح (D) انعکاسی سطح

83- درج ذیل کتابوں میں سے کون R. G. Owen کی تصنیف ہے؟

(A) Bureaucracy in Modern Society (B) Creative Experience

(C) Organisational Behaviour in Education (D) Modern Oraganisation

84- کس کی سفارش پر ہندوستانی اسکولوں میں Inspection نظام کو قائم کیا گیا؟

(A) ہنٹر کمیشن (B) ووڈ ڈ سپیچ

(C) سارجنٹ رپورٹ (D) کوٹھاری کمیشن

85- کس کے مطابق Bureaucracy سب سے بہتر Administrative Organisation کا طریقہ ہے؟

(A) ایف ڈبلیو ٹیلر (B) لوتھر گولک

(C) ہنری فیول (D) میکس ویبر

86- ''معلمین حقیقی معنوں میں قومی تقدیر سازی کے محور ہیں'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) مولانا ابوالکلام آزاد (B) مہاتما گاندھی

(C) ہمایوں کبیر (D) رادھا کرشنن

87- درج ذیل میں کون سا ہنری فیول کے مطابق بتائے گئے اصول میں شامل نہیں ہے؟

(A) کام کی تقسیم کا اصول (B) افادیت کا اصول

(C) اختیار اور ذمہ داری کا اصول (D) مرکزیت اور لامرکزیت کا اصول

88- "The Principles of Scientific Management" کس کی تصنیف ہے؟

(A) ایف ڈبلیو ٹیلر (B) میکس ویبر

(C) ہنری فیول (D) ڈبلیو ولسن

89- تعلیمی فروغ میں...................... ریڑھ کی ہڈی تصور کی جاتی ہے۔

(A) Supervision (B) Inspection

(C) Plannning and Administration (D) Supervision and Inspectin

90- اسکولی عمارت کی بناوٹ کی اقسام میں شامل نہیں ہے۔

(A) P بناوٹ (B) U بناوٹ

(C) H بناوٹ (D) E بناوٹ

# ماحولیاتی تعلیم (x)

91- اقوام متحدہ کا ماحولیاتی پروگرام UNEP-2022 کے رپورٹ کا عنوان ہے۔

(A) Making relation with earth (B) Making relation with water

(C) Making peace with nature (D) Making relation with world

92- دنیا میں الکٹرانک کچرا (E-waste) پیدا کرنے میں ہندوستان......................نمبر پر آتا ہے۔

(A) پہلے (B) دوسرے

(C) تیسرے (D) چوتھے

93- Montreal Agreement 1987 کا تعلق......................کے تحفظ سے ہے۔

(A) اوزون پرت (B) جنگلی حیات

(C) شیر (D) ماحولیات

94- انسانی جسم کے......................پر سیسہ (Lead) سب سے زیادہ اثر انداز ہوتا ہے۔

(A) گردہ نظام (B) ہاضمہ نظام

(C) دوران خون نظام (D) عصبی نظام

95- زمین کا اندرونی حصہ جہاں سے زلزلے کی شروعات ہوتی ہے۔

(A) Epicentre (B) Hypocentre

(C) Epocentre (D) Hypercentre

96- دستور ہند کا دفعہ......................جنگلات، جنگلی حیوانات و نباتات اور ماحول کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔

(A) 48 (B) 49

(C) 48 A (D) 49 A

97- تیزابی بارش کے لیے ذمہ دار کیمیکل ہیں۔

(A) $SO_2 + NO_2$ (B) $CO_2 + SO_2$

(C) $CO_2 + NO_2$ (D) $SO_2 + H_2O$

-98 خطرے سے دوچار (Endangered) حیوانات اور نباتات کی فہرست کس کتاب میں شائع کی گئی ہے؟

(A) Black Data Book (B) Green Data Book

(C) Yellow Data Book (D) Red Data Book

-99 UNCED کا مخفف ہے۔

(A) United Nations Conference on Environment and Development

(B) United Nations Cooperation on Environment and Development

(C) United Nations Conference on Environment and Disasters

(D) United Nations Cooperation on Environment and Disasters

-100 3-R اصول کی صحیح ترتیب ہے۔

(A) Recycle, Reuse, Reduce (B) Recycle, Reduce, Reuse

(C) Reduce, Recycle, Reuse (D) Reduce, Reuse, Recycle

☆☆☆

Rough Work

Rough Work

Rough Work